17-01-2026

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2026ء

مضمون:	التصوف+الوسطیات	کل وقت:	30منٹ
کلاس:	الشھادۃ العالیۃ (السنۃ الاولیٰ)	کل نمبر:	20

رول نمبر(ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر(لفظوں میں):____________

نام طالبعلم:______________________

حصہ معروضی

سوال نمبر1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہو گا۔

1۔ حضرت لقمان نے فرمایا عمل کی سواری ہے:

(الف) سخاوت (ب) تواضع (ج) علم (د) عبادت

2۔ انسان میں کینہ پیدا ہوتا ہے:

(الف) غرور سے (ب) خود پسندی سے (ج) دونوں سے (د) دونوں سے نہیں

3۔ حقیقی مہاجر وہ ہے جو ہجرت کرے:

(الف) غلطیوں سے (ب) گناہوں سے (ج) دونوں سے (د) وطن سے

4۔ آپ ﷺ نے فرمایا اتنی اشیاء ہلاکت کا ذریعہ ہیں:

(الف) 3 (ب) 4 (ج) 5 (د) 6

5۔ جب بندہ ظاہری و باطنی آداب سے آراستہ ہوتا ہے تو وہ بن جاتا ہے:

(الف) زاہد (ب) عابد (ج) صوفی (د) تینوں

6۔ حضرت ذوالنورین مصریؒ کے نزدیک تمام آداب سے بلند اس کا ادب ہے:

(الف) عابد کا (ب) عارف کا (ج) مجاہد کا (د) شاکر کا

7۔ اتنی قبروں میں عذاب ہو رہا تھا جس پر آپ نے سبز ٹہنی لگائی:

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 1 (د) 4

8۔ ابرار کی نیکیاں مقربین کی ہیں:

(الف) عبادات (ب) حسنات (ج) سیئات (د) تینوں

9۔ صبر نصف ہے:

(الف) ایمان کا (ب) نماز کا (ج) اسلام کا (د) عبادت کا

10۔ صوفی آراستہ ہوتا ہے:

(الف) دولت (ب) عبادت (ج) ریاضت (د) حسن نیت

ورق الٹیئے

11۔ ربوبیت کی اصل ہے:

(الف) محبت (ب) رحمت (ج) فضل (د) کرم

12۔ اللہ تعالیٰ نے نرمی کا حکم دیا ہے:

(الف) عبادات میں (ب) صرف دین میں (ج) دنیاوی معاملات میں (د) تمام معاملات میں

13۔ معاملات میں قیامت کے دن سب سے پہلے فیصلہ کیا جائے گا:

(الف) مال کے بارے (ب) نماز کے بارے (ج) خون کے بارے (د) زندگی کے بارے

14۔ غیر مسلم مذہبی رہنماؤں کو قتل کرنا ہے:

(الف) جائز (ب) مکروہ (ج) مباح (د) ممنوع

15۔ "صاحب الحجرۃ" لقب ہے:

(الف) آپ ﷺ کا (ب) حضرت علی کا (ج) حضرت عمر کا (د) حضرت عثمان کا

16۔ حدیث شریف میں ہے کہ مسلمان دوسرے مسلمان کا ہے:

(الف) رشتہ دار (ب) بھائی (ج) دوست (د) راز دار

17۔ حدیث شریف میں منافق کی علامات بیان کی گئی ہیں:

(الف) 4 (ب) 5 (ج) 6 (د) 7

18۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ جاہل سخی بہتر ہے:

(الف) بخیل سے (ب) عابد سے (ج) عابد بخیل سے (د) حاجی بخیل سے

19۔ ایک دانے سے ڈالیاں نکلتی ہیں:

(الف) 7 (ب) 8 (ج) 9 (د) 20

20۔ راستہ سے تکلیف دہ چیز ہٹا دینا ہے:

(الف) صدقہ (ب) حج کا ثواب (ج) عمرہ کا ثواب (د) نماز کا ثواب

17-01-2026

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2026ء

مضمون:	التصوف+الوسطیات	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	الشهادة العالية (السنة الاولیٰ)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ---------------------------

حصہ انشائیہ

سوال نمبر2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ حضرت فضیلؒ نے تواضع کی کیا تعریف کی ہے؟
2۔ عزت اور کبر میں کیا فرق ہے؟
3۔ ظرافت اور مزاح میں کیا فرق ہے؟
4۔ حسن ادب کے بارے ایک حدیث شریف لکھیں۔
5۔ حضرت ایوبؑ نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ آداب کلام کا کیسے لحاظ رکھا؟
6۔ فیہ رجال یحبون ان یتطھروا آیت کا شان نزول تحریر کریں۔
7۔ بیت الخلاء سے نکلنے کی دعا عربی میں لکھیں۔
8۔ لفظ صلوٰۃ کا لغوی اور شرعی معنیٰ تحریر کریں۔
9۔ سلام کے تین آداب تحریر کریں۔
10۔ حضرت لقمانؑ نے اپنے بیٹے کو کھانے کے بارے کیا وصیت فرمائی؟
11۔ صوفیاء کے آداب صوم کیا ہیں؟ تحریر کریں۔
12۔ محبان خدا کی کوئی دو علامات تحریر کریں۔

سوال نمبر3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ رب کا لغوی اور شرعی معنیٰ تحریر کریں۔
2۔ شفاعت عامہ اور شفاعت خاصہ سے کیا مراد ہے؟
3۔ ایک مومن کا قتل پوری دنیا کی تباہی سے بڑا جرم ہے؟ حدیث شریف لکھیں۔
4۔ امام سرخسیؒ نے لفظ الولید کی کیا وضاحت کی ہے؟ تحریر کریں۔
5۔ خوارج سے کیا مراد ہے؟ دو لائنوں میں وضاحت کریں۔
6۔ خوارج کا خاتمہ واجب ہے؟ حدیث شریف لکھیں۔
7۔ قتل کی مذمت کے بارے ایک آیت یا اس کا ترجمہ لکھیں۔
8۔ باہمی اخوت و مودت پر ایک آیت یا اس کا ترجمہ لکھیں۔
9۔ صدقہ کی فضیلت پر کوئی ایک آیت یا اس کا ترجمہ لکھیں۔
10۔ "فاسئلو اهل الذكر ان كنتم لا تعلمون" کا ترجمہ لکھیں۔
11۔ دین کس کس کے ساتھ خیر خواہی کا نام ہے؟ صرف نام لکھیں۔
12۔ حدیث شریف کی روشنی میں بتائیں کہ گناہ اور نیکی کسے کہتے ہیں؟

تفصیلی سوالات

سوال نمبر4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. بندہ ادب کے ذریعے حق تک پہنچتا ہے؟ اقوال اولیاء کی روشنی میں لکھیں۔
ii. "عوارف المعارف" کی روشنی میں مازاغ البصر وماطغی کی تفسیر تحریر کریں۔
iii. بسیار خوری سے اجتناب ضروری ہے؟ اس پر ایک تفصیلی نوٹ لکھیں۔

سوال نمبر5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. آپ ﷺ سراپا محبت و شفقت ہیں، تفصیلی نوٹ لکھیں۔
ii. اسلام جانوروں اور پرندوں کو اذیت دینے سے منع کرتا ہے احادیث مبارکہ کی روشنی میں مفصل نوٹ لکھیں۔
iii. قرآن وحدیث کی روشنی میں تنگ دستوں کے لیے آسانی پیدا کرنا اور قرض معاف کرنے کی فضیلت پر ایک جامع نوٹ لکھیں۔